بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

JANUARY 2026

# ‘AISHA ACADEMY & GIRLS’ HIFZUL QUR’AN SCHOOL CANADA

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ كُتِبَ عَلَيۡكُمُ ٱلصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تَتَّقُونَ ١٨٣

**O ye who believe! fasting is prescribed for you, as it was prescribed for those before you, so that you may guard against evil.**

**- The Holy Qur’an ch 2 verse 184**

According to Islam, every action man carries out is for his own sake– except fasting, which is for the sake of Allah and Who is Himself the reward for it. Thus, a Muslim who is observing a fast is advised to spend most of his time executing his duties toward God and His creation. He should give more attention to the five obligatory prayers and strive to offer supererogatory prayers like tahajjud prayer. The Holy Prophet Muhammad[sa] said:

“When the month of Ramadan arrives, the gates of Heaven are opened, the gates of Hell are closed, and the devils are chained” (Sahih al-Bukhari: Kitabus Saum # 1899)

Explaining the true essence of fasting in Islam, Hazrat Mirza Ghulam Ahmad, the Promised Messiah[as], states:

“Fasting is not merely staying hungry and thirsty; rather its reality and its impact can only be gained through experience.

It is human nature that the less one eats, the more one’s spirit is purified and thus his capacity for [spiritual] visions increases. The will of God is to decrease one kind of sustenance and to increase the other. A person who is fasting should always be mindful that he is not just required to stay hungry. On the contrary, he should remain engaged in the remembrance of God so that he can cut asunder ties of worldly desires and amusements and is wholly devoted to God. Hence, the significance of fasting is this alone, that man gives up one kind of sustenance which only nourishes the body and attains the other kind of sustenance which is a source of comfort and gratification for the soul.” (Translated from Malfuzat, Vol. 9, pp. 30 – 31)

The Holy Prophet[sa] said,
Whoever stands in prayer on Laylat-ul-Qadr with faith and seeking reward, his previous and future sins will be forgiven. And whoever fasts in Ramadan with faith and seeking reward, his future sins will be forgiven
(Sahih al-Bukhari: Kitabus Saum # 1901)

## INSIDE THIS ISSUE


Ramadhan .......... 1
Eid Chanda .......... 1
Scholars in Service:
Rehana Basma Sahiba .......... 2
Webinar: Trust & Truth .......... 2
Important Dates .......... 2
Admissions Open .......... 3


**EID CHANDA**

Eid Fund .... $10/Earning Member
Fitrana ... $5/Person
Fidya ... $6/Missed Fast

## **Scholars in Service:** Rehana Basma Sahiba

Rehana Basma Sahiba completed her BA in Islamic History and Political Science in 1989 from Jami’a Nusrat for Women, Rabwah, followed by a BEd with a specialization in Urdu in 1992 from the College of Education for Women, Lahore. She learnt the translation of the Holy Qur’an in Urdu under the guidance of Hazrat Syeda Maryam Siddiqa Sahiba[rh] (Chhotti Appa) and was also awarded a certificate for Holy Qur’an Translation at the Golden Jubilee 1989 in Pakistan. In Canada, during Lajna Jubilee, she further learnt the translation of the Holy Qur’an through classes taught by Amatul Rafiq Zafar Sahiba, for which she also received a certificate. In 2004, she completed Tarteel-ul-Qur’an classes in Canada and earned certification. Her dedication to education and service continued at Ahmadiyya Abode of Peace, where she taught Tarteel-ul-Qur’an in 2001 and served as Secretary Isha’at. She later held the role of Secretary Ta’lim in the Vaughan Halqa, followed by serving as Secretary Tajneed. In 2012, she began working as a Hifz Teacher at the Girls’ Hifzul Qur’an School, serving until 2016, and returned in 2024, where she continues to serve with commitment and devotion. May Allah accept her sincere efforts and grant continued success in her service. Ameen.

### Message

"Obtain knowledge from cradle to grave" is a famous saying that emphasizes the importance of knowledge and the process of lifelong learning, which actually means that the process of acquiring knowledge should continue from the beginning to the end of a person's life and that memorizing the Holy Qur’an is a great virtue. The honour of Hafiz-e-Qur’an is a great status that includes countless virtues and rewards in this world and the Hereafter, including being crowned with a crown for one's parents in Paradise, right to intercede on the day of Judgement, high ranks, and being counted among the special servants of Allah. This wealth is more valuable than all the wealth in the world because no one can take it away and the person who acts on it is worthy of Allah's pleasure. May Allah Almighty grant us the ability to recite this holy word of His with the correct pronunciation and understanding the correct meaning. Ameen.”

Rehana Basma

## Webinar

### Trust & Truth: Building a Strong Bond with Your Children

On January 16, 2026, ‘Aisha Academy Canada, in collaboration with the Boys’ Hifzul Qur’an School, hosted a webinar titled “Trust and Truth: Building a Strong Bond with Your Children” to explore ways to foster honesty and open communication with children. The panel included Ambreen Agha Sahiba, psychotherapist, and Dr. Naureen Sohail Sahiba, listening and spoken language therapist. The session was moderated by Asif Malik Sahib, Chairman Board, Ahmadiyya Elementary School Barrie, with support from Dr. Tauseef Khan Sahib, National Secretary Ta’lim Canada, and coordinators Rahat Cheema Sahib (Boys Hifzul Qur’an School) and Durr-e-Samin Sahiba (Girls Hifzul Qur’an School). 177 participants attended this successful event.

The webinar emphasized that children are not born dishonest, and lying is not a character flaw. Rather, dishonesty often develops when children do not feel emotionally safe. Children lie to protect themselves from fear of punishment, disappointment, judgment, or shame. When mistakes are met with harsh reactions, a child’s nervous system shifts into survival mode, making honesty feel unsafe while silence or lying feels safer.

Children also learn honesty by observing adults. When parents avoid difficult questions, hide mistakes, or present perfection, children learn that truth must be managed rather than shared. Fear-based language around Islam can further increase anxiety, creating a nervous system that remains constantly on guard, not only with parents, but also in a child’s relationship with Allah. This heightened anxiety often leads children to hide struggles instead of seeking support.

The webinar highlighted that in Islam, accountability is always paired with mercy, and children should be guided toward a relationship with Allah based on love, protection, and trust rather than fear of his disappointment, anger, or punishments.

Creating an emotionally safe environment requires parents to be present, patient, and approachable, not controlling. Children need emotional, psychological, and spiritual care alongside physical needs. Listening without immediately trying to fix, normalizing struggles, and sharing age-appropriate experiences help children feel understood, valued and safe.

The session concluded by emphasizing that strong parent-child relationships are built on mercy, consistency, and presence. Validating emotions while maintaining boundaries and engaging in regular, non-judgmental check-ins helps children learn that truth and love can exist together, making honesty a natural outcome of trust rather than fear.

### IMPORTANT DATES

| | |
|---|---|
| Admissions Open | Nov - Jan, 2026 |
| Winter Semester Orientation | Feb. 6, 2026 |
| Winter Semester Starts | Feb.9, 2026 |
| Fee Submission Period | Feb2 - 16, 2026 |
| Ramadhan | Feb 19 - March 19, 2026 |

# ADMISSIONS ARE OPEN!

**Admissions for the 2025-2026 Winter Semester are open!**
**Classes start in February!**

‘Aisha Academy Canada offers flexible study options for those interested in pursuing the Mubashira Diploma in Islamic Theology and Comprehensive Studies (3-year program) or a Certificate in Fundamental Islamic Studies (1-year program) available in both full-time and part-time schedules. Students also have the option to take individual courses as part-time learners without working towards a certificate or diploma. To accommodate various schedules, these online courses are offered both in the mornings and evenings, with some courses available in Urdu. Whatever your goals may be, we have an option to suit your needs. All Ahmadi women who have completed their high school education can apply.

Courses Offered:

- Holy Qur’an Translation & Grammar
- Holy Qur’an Commentary
- Holy Qur’an Tarteel
- Comparative Religions
- Islamic Sociology
- Islamic Teachings of Kalam
- Islamic Teachings of Fiqh
- Islamic Teachings of Hadith
- Islamic History (Islam & Ahmadiyya)
- Urdu (Language)
- Politics & Islam
- Malfuzat

Girls’ Hifzul Qur’an School is offering 5 online short evening courses for young Ahmadi girls across Canada to get a taste of Hifz. Memorize and understand parts of the Holy Qur’an, prayers, and more. Each girl can take up to 2 courses, and may select from two different timings for flexibility. All Ahmadi girls across Canada, ages 7-16, may apply. Age requirements may differ depending on the course.

Courses Offered:

**Journey to Juz ‘Amma**
This course focuses on memorizing the last part of the Holy Qur’an, with a focus on correct recitation (Tarteel). Each semester covers a quarter of the last para, helping students achieve precision and excellence in reciting from memory.
Age Requirement: 9 - 16

**Hifz Al Qaseeda**
Students will memorize the Arabic Qaseeda, a revered eulogy composed by the Promised Messiah[as], in honor of the Holy Prophet[sa]. Memorizing this Qaseeda is believed to deepen love for the Prophet[sa] and bring spiritual rewards.
Age Requirement: 7 - 16

**Salaat Secrets**
Students will memorize selected Qur'anic verses recited by Hazrat Khalīfatul Masih V[aa] during congregational prayers, enabling them to recite these verses from memory in Salaat with proficiency.
Age Requirement: 9 - 16

**Hifz Al-Adi’iya**
This course helps students memorize various prayers and their English translation while exploring their historical background and significance. It fosters an appreciation for prayer and remembrance of Allah.
Age Requirement: 7 - 16

**Pearls of Tarteel**
This course is designed to help students develop accurate recitation of the Holy Qur’an, apply the rules of tarteel in their daily recitation, and attain a melodious style of reciting the Holy Qur’an.
Age Requirement: 9 - 16

For more information and enrollment details, please visit our website www.aishaacademy.ca or contact us at admissions@aishaacademy.ca or +1 905 303 2139

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جنوری 2026

# عائشہ اکیڈمی و گرلز حفظ القرآن اسکول کینیڈا

يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝١٨٤

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! تم پر روزے اسی طرح فرض کر دیئے گئے ہیں جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کئے گئے تھے تاکہ تم تقویٰ اختیار کرو۔

(سورۃالبقرہ -آیت 184 )

اسلامی تعلیم کے مطابق انسان کا ہر عمل اپنی ذات کے لیے ہوتا ہے،سوائے روزہ کے کیونکہ روزہ صرف اللہ کی رضا کے لیے رکھا جاتا ہے اور اس کا اجر بھی خود اللہ تعالیٰ دیتا ہے۔ اس لیے روزہ رکھنے والے مسلمان کو چاهیے کہ زیادہ تر وقت اللہ اور اس کی مخلوق کے حقوق کی ادائیگی میں صرف کرے۔پانچ وقت کی فرض نمازوں کی طرف خاص توجہ دے اور نفلی عبادات جیسے کہ تہجد کی ادائیگی کی بھرپور کوشش کرے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ:

"جب رمضان کا مہینہ آ جاتا ہے تو آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کر دئیے جاتے ہیں اور شیاطین زنجیروں میں جکڑ دئیے جاتے ہیں" ۔ (صحیح البخاری: کِتابُ الصّوم۔1899)

روزے کی اصل روح کو بیان کرتے ہوئے حضرت مرزا غلام احمد مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ و السلام فرماتے ہیں:

روزہ اتنا ہی نہیں کہ اس میں انسان بھوکا پیاسا رہتا ہے بلکہ اس کی ایک حقیقت اور اس کا اثر ہے جو تجربہ سے معلوم ہوتا ہے۔ انسانی فطرت میں ہے کہ جس قدر کم کھاتا ہے اسی قدر تزکیہ نفس ہوتا ہے اور کشفی قوتیں بڑھتی ہیں۔ خدا تعالیٰ کا منشاء اس سے یہ ہے کہ ایک غذا کو کم کرو اور دوسری کو بڑھاؤ۔ ہمیشہ روزہ دار کو یہ مدِّ نظر رکھنا چاهیے کہ اس سے اتنا ہی مطلب نہیں کہ بھوکا رہے بلکہ اسے چاهیے کہ خدا تعالیٰ کے ذکر میں مصروف رہے تاکہ تبتّل اور انقطاع حاصل ہو۔ پس روزے سے یہی مطلب ہے کہ انسان ایک روٹی کو چھوڑ کر جو صرف جسم کی پرورش کرتی ہے دوسری روٹی کو حاصل کرے جو روح کے لئے تسلی اور سیری کا باعث ہے۔

(ملفوظات جلد نہم صفحہ 30 تا 31)

## موجودہ شمارے میں



رمضان..................................................1
اہم تاریخیں.............................................1
عیدچندہ ..........................................1
علم کی خدمت گذار:ریحانہ باسمہ صاحبہ .......2
ویبینار: اعتماد اور سچائی.............................2
اعلانات حفظ اسکول...................................3


نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "جو کوئی لیلۃ القدر میں ایمان رکھ کر ثواب کی نیت سے عبادت میں کھڑا ہو، اس کے اگلے پچھلے گناہ بخش دئیے جائیں گے اور جو کوئی رمضان کے روزے ایمان کے ساتھ ثواب کی نیت سے رکھے گا، اس کے اگلے گناہ بخش دئیے جائیں گے۔

(صحیح البخاری: کِتابُ الصّوم۔1901)

## اہم تاریخیں

داخلے کُھلے ہیں ..............نومبر2025 تا جنوری 2026
ونٹر سمیسٹر اوریئنٹیشن .....................فروری 6, 2026
فیس ادا کرنے کی تاریخیں...........فروری 2 - 16, 2026
ونٹر سمیسٹر کلاسز .........................فروری9, 2026
رمضان .....................فروری 19 تا مارچ 19, 2026



## عیدچندہ

عید فنڈ- 10$/ کمانے والا

فطرانہ-5$/فی کس

فدیہ-6$/ روز ہ کی قضاء

## پیغام

"مہد سے لحد تک علم حاصل کرو" ایک مشہور قول ہے جو علم کی اہمیت اور زندگی بھر سیکھنے کے عمل پر زور دیتا ہے۔ جس کا اصل مطلب ہے کہ علم حاصل کرنے کا عمل انسان کی زندگی کے شروع سے آخر تک جاری رہنا۔ قرآن شریف حفظ کرنے کی بہت فضیلت ہے ۔حافظِ قرآن کا اعزاز ایک عظیم رتبہ ہے جس میں دنیا اور آخرت میں بیشمار فضیلتیں اور انعامات شامل ہیں: جس میں والدین کو جنت میں تاج پہنائے جانا، قیامت میں شفاعت کا حق، بلند درجات، اور اللہ کے خاص بندوں میں شمار ہونا شامل ہے۔ یہ دولت دنیا کی تمام دولتوں سے قیمتی ہے کیونکہ اسے کوئی چھین نہیں سکتا اور اس پر عمل کرنے والا شخص اللّٰہ کی رضا کا حقدار ٹھہرتا ہے ۔اللّٰہ تعالیٰ ہمیں اپنے اس پاک کلام کو صحیح تلفظ سے اور صحیح مطلب سمجھ کر پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔
آمین

ریحانہ باسمہ

## علم کی خدمت گذار: ریحانہ باسمہ صاحبہ

ریحانہ باسمہ صاحبہ نے 1989ء میں جامع نصرت کالج ربوہ سے اسلامی تاریخ اور پولیٹیکل سائنس میں بی اے مکمل کیا اور 1992ء میں گورنمنٹ کالج فار ویمن لاہور سے بی ایڈ کی ڈگری حاصل کی۔ آپ نے حضرت سیدہ مریم صدیقہ صاحبہ (چھوٹی آپا) سے قرآنِ کریم کا اردو لفظی ترجمہ سیکھا اور پاکستان میں گولڈن جوبلی1989 کے موقع پر قرآنِ کریم باترجمہ مکمل کرنے کا سرٹیفکیٹ حاصل کیا۔ کینیڈا میں لجنہ جوبلی کے دوران آپ نے امۃ الرفیق ظفر صاحبہ کی کلاسز میں قرآنِ کریم کا لفظی ترجمہ سیکھا اور سرٹیفکیٹ حاصل کیا۔

آپ نے کینیڈا میں 2004 میں ترتیلُ القرآن کے قواعد و ضوابط سیکھے اور اس کی سند حاصل کی۔ 2001 میں احمدیہ ابوڈ آف پیس میں قیام کے دوران آپ نے ترتیلُ القرآن سکھایا اور سیکرٹری اشاعت کے طور پر خدمات بھی انجام دیں۔ بعد ازاں وان حلقہ میں سیکرٹری تعلیم اور سیکرٹری تجنید کے طور پر خدمات انجام دیں۔

آپ نے 2012 میں گرلز حفظُ القرآن اسکول میں حفظ ٹیچر کے طور پر خدمات کا آغاز کیا اور 2016ء تک خدمات انجام دیتی رہیں۔ 2024ء میں آپ نے دوبارہ گرلز حفظ القرآن اسکول میں پڑھانے کا آغاز کیا ، جہاں آج بھی آپ خلوص اور لگن کے ساتھ خدمتِ دین میں مصروف ہیں۔ اللّٰہ تعالیٰ آپ کی مخلصانہ کاوشوں کو قبول فرمائے اور آپ کو خدمتِ دین میں مزید کامیابیاں عطا فرمائے۔ آمین۔

## ویبینار

### اعتماد اور سچائی: اپنے بچوں کے ساتھ مضبوط تعلق کی تعمیر

مؤرخہ 16 جنوری 2026 کو عائشہ اکیڈمی کینیڈا نے بوائز حفظُ القرآن اسکول کے اشتراکت سے ایک ویبینار کا انعقاد کیا جِس کا عنوان "اعتماد اور سچائی: اپنے بچوں کے ساتھ مضبوط تعلق کی تعمیر" تھا۔ اس ویبینار کا مقصد والدین کی بچوں کے ساتھ ایمانداری اور کھل کربات کرنے کو فروغ دینے کے مختلف طریقوں پر غور کرنا تھا۔

پینل میں محترمہ عنبرین آغا صاحبہ (سائیکوتیھراپسٹ) اورمحترمہ ڈاکٹر نورین سہیل صاحبہ (ماہرِ سماعت و گفتار ) شامل تھیں۔ اس ویبینار میں محترم آصف ملک صاحب (چئیر مین بورڈ، احمدیہ ایلیمنٹری اسکول بیری) نے میزبانی کے فرائض سر انجام دئیے، اِس کے علاوہ ویبینار کے انتظام کرنے میں محترم ڈاکٹر توصیف خان صاحب ( نیشنل سیکرٹری تعلیم، کینیڈا )،محترم راحت چیمہ صاحب (کوآرڈینیٹر بوائز حفظُ القرآن اسکول) اور محترمہ دُرِّثمین صاحبہ (کوآرڈینیٹرگرلز حفظُ القرآن اسکول) کی معاونت بھی حاصل رہی۔

اس کامیاب ویبینار میں 177 لوگوں نے شرکت کی۔ الحمد للہ

ویبینار میں اس بات پر زور دیا گیا کہ بچے پیدائشی طور پر باتوں کو چھپانے والے نہیں ہوتے اور نہ ھی جھوٹ بولنا ان کے کردار کی کوئی خرابی ہے۔ درحقیقت، باتوں کو چھپانے کی عادت اکثر اس وقت پروان چڑھتی ہے جب بچے خود کو جذباتی طور پر محفوظ محسوس نہیں کرتے۔ بچے سزا کے خوف، مایوسی، تنقید یا شرمندگی سے بچنے کے لیے جھوٹ بولتے ہیں۔ جب بچوں کو غلطیوں پر سخت ردِّعمل دیا جائے تو بچے کا اعصابی نظام حفاظتی موڈ میں چلا جاتا ہے، جس کے نتیجے میں سچ بولنا غیر محفوظ جبکہ چھپانا یا جھوٹ بولنا زیادہ محفوظ محسوس ہونے لگتا ہے۔

اِس کے علاوہ بچے بڑوں کو دیکھ کر بھی ایمانداری سیکھتے ہیں۔ جب والدین مشکل سوالات کا جواب دینے سے گریز کرتے ہیں، اپنی غلطیوں کو چھپاتے ہیں یا ہر وقت کامل بننے کا تاثر دیتے ہیں تو بچے یہ سیکھتے ہیں کہ سچ کو بیان کرنے کے بجائے چھپا کر رکھنا بہتر ہے۔

اسلامی تعلیم کےمتعلق خوف پر مبنی زبان بچوں میں اضطراب کو مزید بڑھا سکتی ہے، جس کے نتیجے میں وہ مدد حاصل کرنے کے بجائے اپنی مشکلات کو چھپانے لگتے ہیں۔

ویبینار میں اس بات کو نمایاں کیا گیا کہ اسلام میں احتساب ہمیشہ رحمت کے ساتھ جڑا ہوتا ہے، اور بچوں کوبتانا چاھیے کہ اللّٰہ تعالیٰ کے ساتھ محبت، تحفظ اور اعتماد پر مبنی تعلق ہو، نہ کہ اس کی ناراضگی، غضب یا سزا کے خوف پر۔

اسطرح سے ایمانداری خوف کی بجائے اعتماد کا فطری نتیجہ بن جاتی ہے۔

بچوں کو جذباتی طور پر محفوظ ماحول دینے کے لئے ضروری ہے کہ والدین بچوں کو کنٹرول کرنے کی بجائے اُن کو یہ احساس دلائیں کہ وہ ہر وقت اُن کے لئے موجود ہیں اور صبر کا مظاھرہ کرتے ہوئے اُن کی بات سنیں۔ بچوں کی جسمانی ضروریات کے ساتھ ساتھ ان کی جذباتی، نفسیاتی اور روحانی دیکھ بھال بھی نہایت اہم ہے۔ کسی بھی مسئلے کا فوراً جواب دئیے بغیر بچوں کی بات کو غور سے سننا، اُن کی بات کو سمجھنا اور اُن کی عمر کے مطابق اپنا تجربہ شیئر کرنا بچوں میں یہ احساس پیدا کرتا ہے کہ انہیں سمجھا جا رہا ہے اور اُن کی قدر کی جارھی ہے۔

ویبینار کا اختتام اس بات پر زور دیتے ہوئے ہوا کہ والدین اور بچوں کا مضبوط تعلق پیار، رحم اور والدین کی موجودگی پر قائم ہوتا ہے۔ حدود کو برقرار رکھتے ہوئے بچوں کے جذبات کا خیال رکھتے ہوئے اور باقاعدگی سے بغیر تنقید کے بات چیت کرنے سے بچے یہ سیکھتے ہیں کہ سچائی اور محبت ایک ساتھ موجود ھوسکتی ہیں۔

# داخلے کُھلے ہیں!

ونٹر سمیسٹر2025-2026 کیلئے داخلے کُھلے ہیں
کلاسز فروری میں شروع !

عائشہ اکیڈمی کینیڈا، احمدی خواتین کے لیے تین سالہ مبشرہ ڈپلومہ اور ایک سالہ سرٹیفکیٹ پروگرام پیش کرتی ہے۔ یہ دونوں پروگرامز فُل ٹائم اور پارٹ ٹائم صورتوں میں دستیاب ہیں۔اس کے علاوہ، طالبات کو یہ سہولت بھی حاصل ہے کہ وہ کسی ڈپلومہ یا سرٹیفکیٹ کی پابندی کے بغیر بطور پارٹ ٹائم انفرادی کورسز میں داخلہ لے سکتی ہیں۔ آپکی مصروفیات اور اوقات کو مدّنظر رکھتے ہوئے، یہ تمام کورسز آن لائن پیش کئے جاتے ہیں، جو صبح اور شام دونوں اوقات میں دستیاب ہیں، جبکہ بعض کورسز اردو زبان میں بھی دستیاب ہیں۔ آپ کے تعلیمی مقاصد خواہ کچھ بھی ہوں، عائشہ اکیڈمی کینیڈا میں آپ کی ضرورت کے مطابق کوئی نہ کوئی کورس موجود ہے۔ وہ تمام احمدی خواتین جنہوں نے ہائی اسکول کی تعلیم مکمل کر لی ہو، اِن پروگرامز کے لیے درخواست دے سکتی ہیں۔

دستیاب کورسز:

- قرآن کریم با ترجمہ گرامر کے ساتھ
- قرآنِ کریم کی تفسیر
- ترتیل القرآن
- مؤازنہِ مذاہب
- اِسلامک سوشیالوجی
- کلام حضرت مسیح موعودؑ
- فِقہ
- حَدیث
- تاریخ اِسلام اور تاریخ احمدیتؑ
- ملفوظات حضرت مسیح موعودؑ
- سیاست اور اِسلام
- اُردو

گرلز حِفظ القرآن اسکول احمدی بچیوں کے لیےشام کے اوقات میں پانچ مختصر آن لائن حفظ کورسز پیش کر رہا ہے۔ ان کورسز کے ذریعے طالبات قرآنِ کریم کے منتخب حصّے، دُعائیں،قصیدہ حضرتِ میسح موعودؑ اور قرآنِ کریم کی ترتیل سیکھیں گی۔ایک طالبہ زیادہ سے زیادہ دو کورسز میں داخلہ لے سکتی ہے، جس کیلئے اسکو دو مختلف اوقات چُننے ہونگے۔
کینیڈا بھر کی تمام احمدی بچیاں،جنکی عمر 7 سے 16 سال کے درمیان ہو، ان کورسز کے لیے درخواست دے سکتی ہیں۔ تاہم بعض کورسز کے لیے عمر کی حد مختلف ہو سکتی ہے۔

دستیاب کورسز:

### پرلز آف ترتیل

یہ کورس اس غرض سے ترتیب دیا گیا ہے کہ طالبات قرآنِ کریم کی صحیح اور بامعیار تلاوت میں مہارت حاصل کریں، ترتیل کے قواعد کو اپنی روزمرہ تلاوت میں صحیح طور پر نافذ کریں، اور قرآنِ کریم کو خوش الحانی اور دلنشین انداز میں پڑھنے کی صلاحیت پیدا کریں۔

داخلہ کی عمر 9 - 16

### حفظ الادعیہ

اس کورس میں طالبات کو قرآنِ کریم میں موجود انبیاء علیہ السلام کی دُعائیں حفظ کروائی جاتی ہیں۔ نیز اِن دُعاؤں کے تاریخی پس منظر اور معنی بھی بتائے جاتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں طالبات میں اِن دُعاؤں کی اہمیت اور ذکرِ الٰہی کا شوق پیدا ہوتا ہے۔

داخلہ کی عمر 7 - 16

### صلوٰۃ سیکریٹ

اس کورس میں طالبات اُن منتخب قرآنی آیات کو حفظ کریں گی جو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز باجماعت نمازوں میں تلاوت فرماتے ہیں، تاکہ وہ بھی ان آیات کو مہارت اور اعتماد کے ساتھ نماز میں پڑھنے کے قابل ہو سکیں۔

داخلہ کی عمر 9 - 16

### حفظ القصیدہ

اس کورس میں طالبات عربی قصیدہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام حفظ کریں گی، جو آپ نے آنحضرت ﷺ کی شان میں تحریر فرمایا۔حضرت مسیح موعود اس قصیدہ کے متعلق فرمایا کرتے تھے کہ جو شخص اس قصیدہ کو حفظ کرے گا اس کے حافظہ میں خدا تعالیٰ کی طرف سے برکت دی جائے گی۔

داخلہ کی عمر 7 - 16

### جزء عمّ

اس کورس میں قرآن کریم کا آخری پارہ حفظ کروایا جاتا ہے، جس میں درست اور خوش اسلوب تلاوت اور صحیح ترتیل پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ ہر سمسٹر میں آخری پارے کا ایک ربع حفظ کروایا جاتا ہے۔

داخلہ کی عمر 9 - 16

مزید معلومات اور داخلہ کیلئے عائشہ اکیڈمی کی ویب سائٹ www.aishaacademy.ca پر جائیں۔
یا دئیے گئے ای میل ایڈرس اور فون نمبر پر رابطہ کریں: admissions@aishaacademy.ca or +1 905 303 2139